Web: https://www.dailysadeepakistan.com , Email: dailyspak.isb@gmail.com

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن پاکستان تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED ہر پیر کو پبلشر ایسوسی ایشن سے رجسٹرڈ ہفت روزہ اسلام آباد

Daily SADA-E-PAKISTAN Rawalpindi

روزنامہ صدائے پاکستان راولپنڈی

بانی - رانا عبدالسلام (مرحوم)

چیف ایڈیٹر : رانا عدنان

جلد: 08 | بدھ 07 ربیع الاول 1447ھ | قیمت 10 روپے زر سالانہ 3300 روپے | شمارہ 118

بھارت نے دریائے چناب میں پھر 8 لاکھ کیوسک پانی چھوڑ دیا، پنجاب میں بڑے سیلاب کا خدشہ

راوی، چناب اور ستلج میں اونچے درجے کا سیلاب برقرار، سینکڑوں دیہات تاحال سیلابی پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں، پاک فوج سمیت وفاقی وصوبائی اداروں کی امدادی کارروائیاں جاری، بڑی تعداد میں لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا

عذاب شدید کا دروازہ

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر عذاب شدید کا دروازہ کھول دیا تو اُس وقت وہاں نا اُمید ہو گئے O اور وہی تو ہے جس نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے (لیکن) تم کم شکر گزاری کرتے ہو O اور وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں پیدا کیا اور اسی کی طرف تم جمع ہو کر جاؤ گے O

(سورۃ المومنون 23 ---- ترجمہ آیات (77-79) (قرآنی آیات اور احادیث سے نوٹ مولانا طارق جمیل کا احترام آپ پر لازم ہے)

شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس ، شہباز شریف عالمی رہنماؤں کی توجہ کا مرکز

وزیراعظم کا عالمی سربراہ کیلئے منفرد استقبال، میزبان صدر اور خاتون اول نے استقبال کیا

تاجکستان (این این آئی) تاجکستان کے شہر دوشنبے میں منعقد شنگھائی تعاون تنظیم کے 25 ویں سربراہی اجلاس میں شرکت کیلئے تاجک صدر اور خاتون اول نے شہباز شریف کا گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا، رائٹ کے مطابق وزیراعظم کا استقبال میزبان صدر امام علی رحمان کی جانب سے کیا گیا، اجلاس میں وزیراعظم عالمی رہنماؤں کی توجہ کا مرکز رہے، وزیراعظم شہباز شریف کا گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا، رائٹ کے مطابق وزیراعظم (نیوز نمبر 9)

پاکستان اور آرمینیا کے درمیان باقاعدہ سفارتی تعلقات قائم

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور آرمینیائی وزیر خارجہ نے مشترکہ اعلامیے پر دستخط کر دیے

اسلام آباد (مانیٹرنیوز) پاکستان اور آرمینیا کے درمیان باقاعدہ سفارتی تعلقات قائم ہو گئے ہیں، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے آرمینیائی وزیر خارجہ ارارات میرزویان کے ساتھ مشترکہ اعلامیے پر دستخط کر دیے، دونوں وزراء نے اعلامیے کے تبادلے کی دستاویز پر دستخط کیے، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے آرمینیا کے وزیر خارجہ کو پاکستان آنے کی دعوت دی، دونوں وزراء نے اعلامیے کے تبادلے کی دستاویز پر دستخط کیے، دونوں وزراء نے باہمی دلچسپی کے علاقائی و بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا، دونوں وزراء نے دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا، دونوں وزراء نے باہمی تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششوں پر زور دیا

چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت پر اوور ہیڈ ٹینکس اور فلٹریشن پلانٹس کی صفائی کا آغاز

چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی ہدایت کی روشنی میں اسلام آباد ڈسٹرکٹ جنرل اسلام آباد ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور ہیڈ ٹینکس کی صفائی کے کام کا باقاعدہ آغاز کیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اسلام آباد کے ترجمان کے مطابق کل سے اسلام آباد کے مختلف مقامات پر تقریباً 100 واٹر فلٹریشن پلانٹس کی صفائی کے کام کا آغاز کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اسلام آباد کے ڈپٹی کمشنر عامر نواز کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ریاض الدین کی نگرانی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ریاض الدین کی سربراہ